سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر دانتوں میں سے خون نکل آئے اوراس کا ذائقہ بھی محسوس ہو توکیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ ؟ اوراگر جسم کے کسی اور حصہ سے نکل آئے تو پھر کیا حکم ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ صالح المنجد اس بارے ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

دانتوں سے نکلنے والا خون روزے پر اثرانداز نہیں ہوتا اور نہ ہی اس سے روزہ ٹوٹتا ہے، چاہے وہ خود نکلے یا کسی کے زدکوب کرنے سے نکلے ۔ لیکن روزے دار پر اس خون کو نگلنا حرام ہے، اور اگر اس نے جان بوجھ کر نگل لیا تو پھر روزہ ٹوٹ جائے گا ۔ (فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (267/10)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد2 کتاب الصلوۃ